# 08-07-2024 MONDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹراے ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ریاست میں اسکل یونیورسٹی کے قیام کے لئے جنگی پیمانہ پرانتظامات کریں۔

۲۔ سپریم کورٹ نے نیٹ یوجی امتحان سے متعلق عرضیوں پر سماعت شروع کردی۔

۳۔ مرکزی مملکتی وزیرداخلہ بنڈی سنجے کمار نے چیف منسٹر ریونت ریڈی پر زور دیا ہے کہ وہ تلنگانہ میں سماجی بہبود کے اقامتی اورگروکل تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم طلبہ اورعملہ کے لئے مناسب سہولتوں کویقینی بنائیں۔

اور

ریاست کے تمام اضلاع میں آئندہ پانچ دن کے دوران ایکا دوکا مقامات پر گرج چمک اورطوفانی ہواؤں کے ساتھ بارش کاامکان ہے۔

☆☆☆

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج گاندھی بھون میں منعقدہ ایک پروگرام میں سابق چیف منسٹرآنجہانی وائی ایس راج شیکھرریڈی کوان کے 75ویں یوم پیدائش کے موقع پرخراج عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر چیف منسٹر نے کہا کہ راج شیکھرریڈی کے فلاحی اقدامات سے متاثر ہوکرکانگریس پارٹی نے اسمبلی انتخابات میں 6ضمانتوں کااعلان کیا تھا۔انہوں نے کہا کہ وائی ایس آرکادورہ حکومت ملک میں فلاحی اسکیموں کی علامت ہے۔انہوں نے کہا کہ وائی ایس آر نے غرباء کے دلوں میں ہمیشہ کے لئے جگہ بنالی۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ وائی ایس آرچاہتے تھے کہ کانگریس کے لیڈرراہول گاندھی ملک کے وزیراعظم بنیں۔ چیف منسٹر نے کہا کہ وائی ایس آرکی پدیاترا سے متاثر ہوکرراہول گاندھی نے بھارت جوڑویاترا کی،جس نے تلنگانہ میں کانگریس کواقتدار پرلانے میں اہم رول ادا کیا۔اس موقع پرریونت ریڈی نے وائی ایس آرکی تصویری نمائش کابھی افتتاح کیا۔ڈپٹی چیف منسٹرملوبھٹی وکرامارکہ،ریاستی وزیرسریدھربابو، اے آئی سی سی کی انچارج دیپاداس منشی،راجیہ سبھاکےسابق رکن کےوی پی رام چندرراؤ،ایم ایل ایز،ایم ایل سیزاور پارٹی کے قائدین موجود تھے۔

☆☆☆

ریاست کے تمام اضلاع میں آئندہ پانچ دن کے دوران ایکا دوکا مقامات پر گرج چمک اورطوفانی ہواؤں کے ساتھ بارش کاامکان ہے۔آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران عادل آباد،نظام آباد،جگتیال،راجنا سرسلہ،ملگو،بھدرادری کوتہ گوڑم،سوریہ پیٹ،میدک،کاماریڈی،محبوب نگر، ناگرکرنول، ونپرتی اورنارائن پیٹ اضلاع میں ایکادوکامقامات پرشدید بارش ہوسکتی ہے۔دفترموسمیات نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ عادل آباد،کمرم بھیم آصف آباد،منچریال،نرمل،ملگو، بھدرادری کوتہ گوڑم، سنگاریڈی اورکاماریڈی اضلاع میں یہی صورتحال رہے گی۔تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسون معمول کے مطابق ہے۔گزشتہ 24 گھنٹوں کےدوران کئی مقامات پر بارش ہوئی۔

☆☆☆

مرکزی مملکتی وزیرداخلہ بنڈی سنجے کمار نے چیف منسٹر ریونت ریڈی پر زور دیا ہے کہ وہ تلنگانہ میں سماجی بہبود کے اقامتی اورگروکل تعلیمی اداروں میں زیرتعلیم طلبہ اورعملہ کے لئے مناسب سہولتوں کویقینی بنائیں۔ چیف منسٹر کے نام ایک مکتوب میں بنڈی سنجے نے کہا کہ نئے اوقاتِ کارکی وجہ سے تدریسی عملہ اوردیگر ملازمین کومسائل کا سامنا کرنا پڑرہا ہے۔مرکزی وزیر نے کہا کہ تبدیل شدہ اوقاتِ کارغیرسائنٹفک ہیں،جس کی وجہ سے عملہ تناؤ کاسامنا کرنا پڑرہاہےاور اس کے نتیجہ میں ان کے لئے صحت کے مسائل پیش ہورہے ہیں۔

☆☆☆

سی پی آئی ماؤسٹ کی محاذی تنظیم سکا سا کے بانی رکن رما کانت کو پولیس نے آج صبح جمی کنٹہ میں ان کے مکان سے گرفتار کرلیا۔سی پی آئی ایم ایل پیپلز وار کی سنٹرل کمیٹی کے سابق رکن رما کانت گزشتہ 30 سال سے اِس انتہاء پسند تنظیم میں سرگرم تھے۔انہیں تنظیم میں محمد حسین ریاض اور سدھا کر کے نام سے بھی جانا جاتا تھا۔رما کانت کو جھارکھنڈ میں گرفتار کیا گیا تھا اور وہیں انہیں سزائے قید ہوئی۔10 سال قبل انہیں خرابی صحت کی بنا پر ضمانت پر رہا کیا گیا تھا اور وہ جمی کنٹہ میں معمول کی زندگی گذار رہے تھے۔پولیس نے ابھی تک ان کی گرفتاری کی وجوہات نہیں بتائی ہیں۔مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔

☆☆☆

ریاستی حکومت نے 35 سرکاری کارپوریشنس کے صدورنشین مقرر کئے ہیں۔دو سال کے لئے صدورنشین کے تقرر کے سلسلہ میں سات الگ الگ احکامات چیف سکریٹری شانتی کماری نے 15 مارچ کو ہی جاری کئے تھے،لیکن لوک سبھا انتخابات کے لئے ضابطہ اخلاق کے پیش نظر ان احکامات پر عمل آوری روک دی گئی تھی۔اسی لئے ریاستی حکومت نے آج تازہ احکام جاری کئے۔ایس انویش ریڈی کو تلنگانہ اسٹیٹ سیڈ ڈیولپمنٹ کارپوریشن لمیٹڈ کا چیرمین مقرر کیا گیا ہے۔کاسولا بالا راجو تلنگانہ اسٹیٹ ایگرو انڈسٹری ڈیولپمنٹ کارپوریشن لمیٹڈ کے صدرنشین مقرر کئے گئے ہیں۔جنگا راگھو ریڈی تلنگانہ اسٹیٹ کوآپریٹیو آئیل سیڈس گرو ورس فیڈریشن لمیٹڈ کے صدرنشین ہوں گے۔حکومت نے ایم موہن ریڈی کو تلنگانہ اسٹیٹ کوآپریٹیو یونین لمیٹڈ کا صدرنشین مقرر کیا ہے۔آرنا گیشور راؤ کو تلنگانہ اسٹیٹ ویر ہاؤسنگ کارپوریشن لمیٹڈ کا صدرنشین مقرر کیا گیا ہے۔حکومت نے گیانیشور مدیراج کو تلنگانہ اسٹیٹ مدیراج کوآپریٹیو سوسائٹیز کارپوریشن لمیٹڈ کا صدرنشین مقرر کیا ہے۔میٹو سائی کمار تلنگانہ اسٹیٹ فشریز کوآپریٹیو سوسائٹیز فیڈریشن لمیٹڈ کے چیرمین ہوں گے۔

☆☆☆

چیف منسٹر اے ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ریاست میں اسکل یونیورسٹی کے قیام کے لئے جنگی بنیادوں پر انتظامات کریں۔چیف منسٹر نے عہدیداروں کے ساتھ ساتھ صنعت کاروں کو مشورہ دیا کہ وہ اس ماہ کے اواخر میں منعقد ہونے والے اسمبلی اجلاس سے ایک یا دو دن قبل اسکل یونیورسٹی کے قیام کے لئے واضح تجاویز لے کر آئیں۔اعلان کیا گیا کہ حکومت ان کی جانچ کے بعد چوبیس گھنٹے کے اندر مناسب فیصلہ کرے گی۔چیف منسٹر نے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے صنعتی لیڈروں کے ساتھ بروز پیر سہ پہر گچی باؤلی کے انجینئرنگ اسٹاف کالج میں اسکل ڈیولپمنٹ سے متعلق میٹنگ کی۔نائب وزیراعلی ایم بھٹی وکرمارکا، وزیر آئی ٹی وصنعت ڈی سریدھر بابو اور چیف منسٹر کے مشیر ویم نریندر ریڈی نے اس میٹنگ میں شرکت کی۔اس موقع پر وزیراعلیٰ نے سکل یونیورسٹی کے قیام کے حوالے سے عہدیداروں اور مشہور شخصیات کی آراء دریافت کیں۔چیف منسٹر نے کہا کہ انجینئرنگ سٹاف کالج کے احاطے میں اسکل یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا جائے تو بہتر ہوگا۔انہوں نے کہا کہ اس شہر کے احاطے میں یونیورسٹی کے قیام کے امکانات کا جائزہ لیا جانا چاہئے کیونکہ یہ تمام آئی ٹی کمپنیوں کے ساتھ ساتھ صنعتوں کی بھی دسترس میں ہوگا۔اس بات پر تبادلہ خیال کیا گیا کہ سکل یونیورسٹی کے قیام کے لیے آئی ایس بی کی طرز پر ایک بورڈ تشکیل دیا جائے۔چیف منسٹر نے اس اجلاس میں شرکت کرنے والے تمام نمائندوں کو ایک عارضی بورڈ کے طور پر غور کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔چیف منسٹر نے تجویز دی کہ اسکل یونیورسٹی میں کون سے کورسز ہونے چاہئیں اور اس میں کس قسم کا نصاب ہونا چاہیے اور صنعتوں کی ضروریات کا مطالعہ کیا جائے اور اس بات کا بھی کہ ان کے مطابق کون سے ہنر کے کورسز کرائے جائیں جس سے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میسر ہوں۔انہوں نے کہا کہ حکومت کا ارادہ ہے کہ اس سکل یونیورسٹی کو جدید علم فراہم کرنے کے لیے قائم کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ مالیاتی مسائل پر ڈپٹی سی ایم بھٹی وکرمارکا اور وزیر آئی ٹی وصنعت سریدھر بابو سے نصاب اور کورسز کے حوالے سے بات چیت کی جانی چاہئے۔چیف منسٹر نے انہیں ہدایت کی کہ وہ ایک مقررہ وقت کے اندر تجاویز تیار کریں اور ہر پانچ دن بعد ملاقات کریں کیونکہ صرف 15 دن باقی ہیں۔چیف منسٹر نے عہدیداروں کو یہ بھی جانچنے کا حکم دیا کہ آیا اس یونیورسٹی کو حکومت اور نجی شراکت داری سے قائم کیا جانا چاہئے۔چیف منسٹر نے کہا کہ یونیورسٹی کے قیام کے لیے تمام ضروری تجاویز اور پراجیکٹ رپورٹس تیار کرنے

کے لیے ایک کنسلٹنٹ کی خدمات حاصل کی جائیں جو اس شعبے کا ماہر ہو۔ وزیر اعلیٰ نے اعلان کیا کہ محکمہ صنعت یونیورسٹی کے امور کا نوڈل محکمہ ہوگا۔ اس میٹنگ میں آئی ٹی اسپیشل چیف سکریٹری جیش رنجن، محکمہ تعلیم کے پرنسپل سکریٹری بوراو نیکٹیشم، سی ایم اسپیشل سکریٹری اجیت ریڈی، وشنو وردھن ریڈی، ڈاکٹر ریڈی لیب کے چیرمین ستیش ریڈی، بھارت بائیوٹیک ہری پرساد، کریڈائی کے صدر شیکھر ریڈی، آئی لیبس سے سری راجو نے شرکت کی۔ اجلاس سے قبل وزیر اعلیٰ نے انجینئرنگ سٹاف کالج میں زیر تعمیر کنونشن سنٹر کا معائنہ کیا۔ اور اس عمارت میں موجود سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔

☆☆☆

سی بی آئی کی جانب سے دہلی ایکسائز معاملہ میں بی آر ایس ایم ایل سی کویتا کی درخواستِ ضمانت پر روز ایوینیو کورٹ نے سماعت ملتوی کردی ہے۔ اس عرضی پر سماعت آج دوپہر شروع ہوئی۔ کویتا کے وکیل نے 7 جون کو سی بی آئی کی جانب سے پیش کی گئی چارج شیٹ جاری کرنے کا مطالبہ کیا۔ وکیل نے عدالت کو بتایا کہ سی بی آئی کی چارج شیٹ میں خامیاں ہیں۔ اس پر عدالت نے سی بی آئی کو ہدایت دی کہ وہ آئندہ جمعرات تک جوابی حلف نامہ پیش کریں۔ کویتا کی عرضی پر سماعت جمعہ تک کے لئے ملتوی کردی گئی ہے۔

☆☆☆

سپریم کورٹ نے نیٹ یوجی امتحان سے متعلق عرضیوں پر سماعت شروع کردی۔ اِن میں وہ عرضیاں بھی شامل ہیں، جن میں یہ الزام لگایا گیا ہے کہ اس امتحان میں بے قاعدگیاں اور بدعنوانیاں ہوئیں۔ عرضی گزاروں نے عدالت سے درخواست کی ہے کہ وہ دوبارہ امتحان منعقد کریں۔ ایک عرضی گذار کے وکیل نے کہا کہ وہ سوالیہ پرچہ کے افشاء، او ایم آر شیٹ میں الٹ پھیر اور دھوکہ دہی کی بنیادوں پر امتحان کی منسوخی کا مطالبہ کررہے ہیں۔ عدالت نے اپنے جواب میں کہا کہ امتحان کی منسوخی بالکلیہ آخری اقدام ہوگا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ امتحان کے تقدس کو پامال کیا گیا، اِس میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے۔ تاہم دوبارہ امتحان کا حکم دینے سے قبل یہ جاننا ضروری ہے کہ سوالیہ پرچہ کا افشاء کس حد تک ہوا۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ، جسٹس جے بی پاردی والا اور جسٹس منوج مشرا پر مشتمل بنچ امتحان کے تعلق سے 38 عرضیوں کی سماعت کررہی ہے۔

☆☆☆

سپریم کورٹ نے مرکز کو ہدایت دی ہے کہ وہ ریاستوں اور دیگر متعلقہ افراد سے مشاورت کرتے ہوئے خاتون ملازمین کے لئے ایام ماہ واری کے دوران رخصت کے لئے ایک مثالی پالیسی تیار کریں۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ، جسٹس جے بی پاردیوالا اور جسٹس منوج مشرا پر مشتمل بنچ نے مفادِ عامہ کی ایک عرضی پر خواتین اور بچوں کی بہبود کی مرکزی وزارت کو ہدایت دی کہ وہ مثالی پالیسی کی تیاری پر غور کرے۔ بنچ نے کہا کہ یہ معاملہ پالیسی سے جڑا ہے اور عدالتیں اس میں کچھ نہیں کرسکتیں۔

☆☆☆

محرم کے آغاز کے ساتھ ہی آج نیا اسلامی سال شروع ہوگیا۔ ہجری کیلنڈر کا یہ پہلا مہینہ ہے اور اسی کے دوران کربلا کا واقعہ پیش آیا تھا۔ پیغمبر اسلامؐ کے نواسے حضرت امام حسینؓ اور ان کے ساتھیوں نے اسلام کی سربلندی کے لئے باطل کے خلاف جنگ کرتے ہوئے اپنی جانوں کی قربانی دیں۔ مختلف مذہبی اور سیاسی تنظیموں نے نئے اسلامی سال کے آغاز پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔